Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۲ ستمبر ۱۹۳۴ء جلد ۲۶

حصہ اوّل

حکم اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر کونسل

(۱) تجویز جوڈیشل کمیٹی بابت مسمی محمد قسیم مدعا علیہ بنام مسماۃ انتظام بیگم وغیرہ۔	(۲)

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

محمد نسیم ولد محمد امین مدعا علیہ سائل وکیل

بنام

مسماۃ انتظام بیگم بنت رجب و مقبول احمد و عزیز احمد پسران محمد امین و مسماۃ ممتاز بیگم بنت محمد امین و مسماۃ جمن بیگم بیوہ محمد نعیم و شکن ولد محمد نسیم و اتن ولد محمد نسیم و لڈن و مسماۃ مبین بیگم و مسماۃ منی بیگم نابالغہ بولایت شکن و مشتاق و ارشد حسین مدعا علیہم فریق ثانی۔

درخواست دادرسی بنا راضی تجویز عدالت العالیہ ہائیکورٹ مورخہ ۱۹ فروری ۱۹۳۳ء مشعر بحالی تجویز و ڈگری عدالت اپیل اول نے نمبر مورخہ ۱۵ نومبر ۱۹۳۲ء بابت منسوخی تجویز و ڈگری عدالت ابتدائی سب جج نمبری ۱۰۶ منفصلہ ۱۰ اگست ۱۹۳۲ء دعوے تقسیم مکان بتعین (۱۴) بنجالہ۔

عدالت اپیل اول سے دعوے مدعیہ بغرض تقسیم و دخل بپانچ سہام منجملہ مکان عرضیہ دعوے ڈگری ہوا اور خرچہ بذمہ مدعا علیہ نمبر ایک عاید ہوا۔ اور یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ ایک کمشن مقرر ہوا اور مدعیہ کا قرعہ بقدر حصہ ڈگری شدہ تیار کرے۔ اس حکم کی ناراضی سے محمد نسیم مدعا علیہ نے چیف ہائی کورٹ میں اپیل دائر کیا اور وہاں سے بھی عدالت اپیل اول کی رائے بحال رہی اور ہر فریق کا خرچہ اپیل مذکور میں ہر فریق کے ذمہ عاید کیا گیا۔ اس فیصلہ کی ناراضی سے محمد نسیم مدعا علیہ نے یہ درخواست دادرسی گزرانی ہے جو اجلاس

جوڈیشل کمیٹی میں پیش ہوئی۔ اور بحث وکلا فریقین بھی سماعت کی گئی۔

عدالت ہائے اپیل کے فیصلہ مشرح اور مفصل میں ہر پہلو پر بحث کی گئی ہے اونکے دوہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ وکیل سائل نے کوئی وجہ ایسی نہیں دکھلائی کہ جسکی بنا پر ہم فیصلہ جات عدالت ماتحت اپیل میں دست اندازی کریں۔ ہم کو عدالت ہائے ماتحت اپیل کی رائے سے اتفاق ہے۔ لہذا درخواست دادرسی نامنظور ہے۔ فقط

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد برائے شمول مسل صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں بھیج جائیں۔ ۱۷ ستمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل